سلسلہ مطبوعات 31

بسم اللہ الرحمن الرحیم

غیر مقلدین کے عقائد

از قلم

مولانا محمد انصر باجوہ مدظلہ

شعبہ تحقیق و تصنیف

اتحاد اہل السنۃ والجماعۃ راولپنڈی

اتحاد اہل سنۃ والجماعۃ پاکستان

تقریظ

فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی ابوسلمان صاحب دامت برکاتہم

دارالافتاء جامعہ اسلامیہ صدر، راولپنڈی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ تعالیٰ نے دنیا آباد کی اور لوگوں کی ہدایت کے لیے انبیا علیہم السلام کا سلسلہ جاری فرمایا مصلح اور ہادی آتے رہے حتیٰ کہ داعی اعظم محمد ﷺ تشریف لائے انہوں نے دین کی محنت فرما کر انتقال فرمایا ان کے انتقال کے بعد جب صحابہ رضی اللہ عنہم سے مسئلہ پوچھا جاتا تو وہ قرآن اور پھر سنت سے جواب دیتے تھے اور جب ان میں مسئلہ نہ پاتے تو اجتہاد کرتے جیسا کہ، ابوداؤد کی حضرت معاذ رضی اللہ عنہ والی روایت اس پر شاہد و عدل ہے۔ حدیث:۔ **کیف تقضی اذا عرض لک قضاء قال اقضی بکتاب اللہ قال فان لم تجد فی کتاب اللہ قال فبسنة رسول اللہ ﷺ قال فان لم تجد فی سنة رسول اللہ ولا فی کتاب اللہ قال اجتهد برائی ولا آلو فضرب رسول اللہ ﷺ صدرہ فقال الحمد للہ الذی وفق رسول رسول اللہ لما یرضی رسول اللہ ﷺ.**

(ابوداؤد جلد دوم ص ۱۵۰ باب اجتہاد الرای فی القضاء)

ترجمہ:۔ اے معاذؓ جب تمہارے سامنے کوئی معاملہ اور مقدمہ پیش ہو تو کس چیز کے ساتھ فیصلہ کرو گے؟ تو آپ نے عرض کیا اللہ تعالیٰ کی کتاب کے ساتھ اس پر آپ نے فرمایا اگر تم اس معاملہ کا حل کتاب اللہ میں نہ پاؤ تو؟ آپؓ نے عرض کیا اللہ کے رسول کی سنت کے ساتھ آپ نے فرمایا اگر ان دونوں میں اس معاملہ کا حل نہ پاؤ تو؟ آپؓ نے عرض کیا کہ اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا اس پر آپ نے فرمایا سب تعریفیں اس ذات کے لیے ہیں جس نے اپنے رسول ﷺ کے رسول کو اس بات کی توفیق دی کہ جس سے وہ خوش ہوتا ہے اور اسی کو پسند کرتا ہے۔

۱۔ یہ روایت مسند احمد، ابن عدی، طبرانی، بیہقی، تلخیص الحبیر اور صحاح ستہ کی دو کتب ابوداؤد اور ترمذی

میں موجود ہے۔

۲۔ خطیب بغدادیؒ نے اس کو متصل عبادہ بن نسی سے اور انہوں نے عبدالرحمٰن بن غنم اور انہوں نے معاذؓ سے روایت کیا ہے اور راویوں کے قوی اور ثقہ ہونے کے اعتبار سے یہ روایت صحیح ہے۔

۳۔ ابن القیم اعلام الموقعین میں فرماتے ہیں کہ جب گروہ کے گروہوں نے اس کو روایت کیا (اور تمام فقہاء نے اس سے دلیل پکڑی) تو اس کی صحت اور مشہور روایت ہونے میں شبہ نہیں ہے (۱۔۷۳)

۴۔ امام الحرمین نے اس روایت کی توثیق کی ہے "کمافی العمدہ"

۵۔ ابن القیمؒ فرماتے ہیں کہ معاذؓ کے ساتھی تو علم وعمل کے اعتبار سے معروف ہیں لہذا ان کی جہالت مضر نہیں ہے (۱۔۷۳)

۶۔ حارث بن عمرو مجہول نہیں بلکہ حافظ ابن حجرؒ نے تہذیب میں اس کے بارے میں ابن عدی سے نقل کیا ہے کہ یہ راوی اس روایت سے معروف ہے اور ابن حبانؒ نے اس کو ثقات میں ذکر کیا ہے (ج ۲۔ص ۱۵۲) یہی وجہ ہے کہ اجتہاد میں اختلاف ہوتا ہے تو صحابہ کے اجتہادی مسائل میں بھی آپس میں اختلاف ہے۔ جن کیلئے ابوداؤد اور ترمذی کا مطالعہ بہتر ہے۔ صحاح اور باقی احادیث کی کتابوں میں صحابہ کرامؓ کے سترہ ہزار فتاوٰی موجود ہیں جو انہوں نے دیئے ہیں اکثر کے ساتھ قرآن وسنت کی دلیل نہیں ہے اور ایسے مفتی صحابہؓ ایک سو انچاس ہیں (حجۃ اللہ البالغہ۔اعلام الموقعین) اور باقی دیگر صحابہ اور تابعین ان ہی کے فتاوٰی پر چلتے تھے اور یہ ہی تقلید ہے۔ ائمہ اربعہؒ نے اجتہاد کے اصول وفروع مدون فرمائے قرآن وسنت کو دیکھا اور بعض ائمہ نے بعض صحابہ اور بعض ائمہ نے بعض صحابہ کے اقوال کو لیکر فقہ کے اصول وضوابط مدون کیے ہیں اور ہم ان ہی کے پیچھے چلتے ہیں صرف دو مسائل میں جہاں ظاہری اور فروعی اختلاف ہے۔ مثلاً

نمبر۱:۔ جیسے رفع یدین ہے یا نہیں۔ آمین اونچی یا آہستہ آواز سے، خون سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں اب یہاں دونوں طرف روایات ہیں۔ (ابوداؤد اور ترمذی کے ابواب دیکھیں)

اب یہاں پر ہم ایک امام کی ترجیح کی طرف چلے جاتے ہیں دو کی تو مان نہیں سکتے خون سے وضو کریں یا نہ کریں۔ نمبر۲:۔ جو مسائل قرآن وحدیث میں صراحتاً نہیں ہیں۔ جیسے 100 بھینسوں میں کتنی زکوۃ ہے

کیا شیر ببر حرام ہے۔ نماز میں کتنے فرائض واجبات ہیں۔ (اسکی واضح صراحت نہیں ہے)

اب ہم اصل بات کی طرف آتے ہیں کہ ہمارے غیر مقلد حضرات تقریروں اور تحریروں میں فرماتے ہیں کہ قرآن وحدیث کو مانو اور باقی چیزوں کو چھوڑ و لیکن جب مناظرہ ہوتا ہے یا ان پر سوالات کیے جاتے ہیں تو پھر یہ اجماع اور قیاس کو بھی مان جاتے ہیں تو آج کل یہ حضرات فرماتے ہیں کہ حنفیوں دیوبندیوں کے عقائد ٹھیک نہیں۔

حضرت مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی آج سے پندرہ بیس سال پہلے فرمایا کرتے تھے کہ ایک زمانہ آنے والا ہے جس میں یہ آمین اور رفع یدین والے مسائل پر ہار جائیں گے تو پھر یہ کہیں گے۔ کہ آپ کے عقائد ٹھیک نہیں۔

غیر مقلد حضرات اور عوام الناس سے التماس ہے کہ ہماری عقائد کی کتابوں میں کوئی کوتاہی نہیں دکھا سکتے ہمارے اکابر کی جو اصلاحی کتابیں ہیں ان سے عبارات نقل کرتے ہیں اور عنوان باندھتے ہیں کہ ان کا عقیدہ یہ ہے۔

اگر چہ وہ کشف وکرامات شطحیات ہوتے ہیں۔ شطحہ اسکو کہتے ہیں کہ وہ بات شدت محبت سے نکلے اگر چہ ظاہراً قرآن وسنت کے خلاف ہو اس میں کسی بزرگ کی اتباع جائز نہیں۔ اس کی مثال جیسے حدیث شریف کا مفہوم ہے۔ کہ کسی آدمی سے جنگل میں سواری مع اسباب گم ہو جائے اور آدمی مرنے کے لیے اپنے آپ کو تیار کر لے اور وہ اچانک مل جائے تو آدمی فرط محبت میں کہے ۔ اے اللہ! میں تیرا رب ہوں تو میرا بندہ۔

(صحیح مسلم جلد۲ ص ۳۵۵)

غیر مقلد حضرات کہتے ہیں کہ ہم مقلدوں کے ساتھ عقیدے پر بات کرتے ہیں کیونکہ ان کے عقیدے ٹھیک نہیں۔ ہم ان پر سوال کر کے کہتے ہیں۔ کہ عقیدے کی تفصیل بتاؤ قرآن وحدیث کے اعتبار سے اور شریعت کا خلاصہ کتنی چیزیں ہیں۔ ہم تو کہتے ہیں کہ پانچ چیزیں ہیں عقائد، عبادات، کاروبار، اخلاق اور سیاست وخلافت۔ آپ کے نزدیک شریعت کا خلاصہ کتنی چیزیں ہیں۔ بات قرآن وحدیث سے کریں۔ ایک تو آپکی مصیبت یہ ہے کہ ہماری تقلید کی تمام باتوں پر آپ دن رات چلتے رہتے ہیں اور آپکو پتہ نہیں۔ مثلاً امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ کو تو فرض کہتے ہیں لیکن نماز کے اور فرائض نہیں سنا سکتے؟ سجدہ سہو کا کہتے ہیں لیکن مقامات نہیں بتا سکتے کہ کتنی جگہ پر سجدہ سہو کرنا ہے رفع یدین کو سنت کہتے ہیں لیکن نماز میں اور سنتیں نہیں بتا سکتے؟ ہم تو کہتے ہیں کہ نماز میں ۱۳ فرائض، ۱۴ واجبات، ۱۸ مفسدات، ۲۲ سنتیں اور ۵۴ مستحبات ہیں۔ تم نے صرف

یہ نعرہ لگاتا ہے کہ امام کے پیچھے سورۃ فاتحہ فرض ہے لیکن جب ہم دوسرے فرائض کا پوچھتے ہیں تو آپ یا تو جواب دیتے ہیں کہ ہم فرض کو مانتے ہی نہیں ہم کہتے ہیں کہ اگر تم فرض کو مانتے نہیں تو سورۃ فاتحہ کو فرض کیوں کہتے جب ہم تم سے دیگر فرائض کا پوچھتے ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ قرآن وحدیث میں ہیں ہی نہیں ۔تم نے لوگوں کو پورا تو دین نہیں سمجھایا اور کبھی کہتے ہو کہ حضور ﷺ کی طرح نماز پڑھو جس طرح حضور ﷺ نے پڑھی ہے تو عام آدمی سمجھ جاتا ہے کہ آپ کا سمجھانا ناقص ہے کامل نہیں۔

اور جب آپ نے ہمارے بارے میں یہ کہا کہ ان کے عقائد ٹھیک نہیں تو ہم نے بھی آپکے سامنے آپکا آئینہ پیش کر دیا کہ آپکے عقائد کتنے خراب ہیں؟ **فما هو جوابكم فهو جوابنا. وان تعودوا نعد** لیکن اس سے پہلے ایک اہم اعلان

نمبرا:۔ کہ آپ اگر مثلاً کہیں کہ یہ ہمارے علماء نہیں جبکہ آپکے بڑے بڑے علماء نے تو ان کی تعریف کی ہے۔

نمبر۲:۔ وحید الزمان صاحب کا ترجمہ ہر غیر مقلد کے گھر میں موجود ہے اب تمام غیر مقلدین حضرات سے گزارش ہے کہ آپکے دس بڑے بڑے علماء کے دستخطوں کے ساتھ یہ بات منظر عام پر آجائے رسائل میں بھی اور غزوہ اخبار میں بھی کہ نواب صدیق حسن خان اور وحید الزمان صاحب ہمارے علماء نہیں۔ان کی کتابیں پڑھنا حرام ہے اور اسی طرح کے اپنے اور غیر مستند علماء کی بھی فہرست پیش کریں آپکی بڑی مہربانی ہوگی۔

اب آپ کے عقائد کا یہ ایک اجمالی خاکہ پیش خدمت ہے ملاحظہ فرمائیں۔

تقریظ

خطیب اہلسنت والجماعت فاضل نوجوان حضرت مولانا محمد شفیق الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم

نائب امیر اتحاد اہلسنت والجماعت پنجاب

مدرس دار العلوم فاروقیہ، دھمیال کیمپ، راولپنڈی

خطیب مرکزی جامع مسجد صدیق اکبرؓ گرجا روڈ، راولپنڈی

" آنحضرت ﷺ کا فرمان جسکا مفہوم یہ ہے کہ قرب قیامت میں فتنے اتنی شدت کے ساتھ آئیں گے جیسا کہ تسبیح کا دھاگہ ٹوٹ جانے سے دانے گرا کرتے ہیں گویا یہ کیفیت ہوگی کہ انسان صبح مسلمان ہوگا شام کو کافر شام مسلمان ہوگا صبح کافر۔ اگر ان فرمان مبارکہ پر ہم غور کریں تو انداز بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ یقیناً ایسے ہی زمانے میں ہم جی رہے ہیں۔ ہر آئے دن نت نئے فتنے گلی کوچوں میں برساتی مینڈکوں کی طرح نکل کر دعوت گمراہی دیتے اور مسلمانوں کے ایمان وعقیدے کو خراب کرنے کے در پے نظر آتے ہیں۔ اور اس پر ستم یہ کہ بغل میں چھری اور منہ سے رام رام کا مصداق یہ ملحدین اپنے گمراہ کن نظریات وعقائد کو قرآن وحدیث کے بارے میں پیش کرتے ہیں۔ تاکہ آسانی سے سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کیا جاسکے۔

انہیں گمراہ فتنوں میں سے انگریز کا لگایا ہوا ایک خود ساختہ پودا فتنہ غیر مقلدین (نام نہاد اہلحدیث) نامی فرقہ بھی ہے جو "لباسِ خضری میں راہزن" کا کردار ادا کرتے ہوئے امت کو سلف صالحین اور ائمہ مجتہدین سے بدظن اور اکابرین واساطین ملّت کی تکفیر کے مشن پر عمل پیرا ہے۔ تاکہ امت کے اتحاد و یکجہتی کو پارہ پارہ کر کے انگریز کی سازشوں کو پروان چڑھا سکے آئے دن علمائے حقہ پر کیچڑ اچھالنا اور اُن فرشتہ صفت شخصیات پر کفر کے فتوے لگانا ان مُدّعیان قرآن و حدیث کا وطیرہ بن چکا ہے۔ مگر ان کا اصل روپ اور چہرہ کیا ہے۔۔۔؟ اور اس طبقے کے اپنے گمراہ کن نظریات وعقائد کیا ہیں؟ فاضل مؤلف، مناظر اسلام مولانا محمد انصر باجوہ حفظہ اللہ نے زیر نظر رسالہ میں نہایت اختصار کیساتھ اور جامع انداز میں ان کور چشموں کو آئینہ دکھانے کی کوشش کی ہے اور یہ دعوت دی ہے کہ

اتنی نہ بڑھا پاکئی داماں کی حکایت

دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ

دعا ہے کہ اس کاوش کو ذات باری مسلمانوں کے لیے نافع اور گمراہوں کے لیے ہدایت کا ذریعہ بنائے۔ آمین

ابتدائیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد اللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ النبی الکریم و علی آلہ و اصحابہ اجمعین امابعد.

برادران اہلسنت والجماعت! یہ بات تو اظہر من الشمس ہے کہ فرقہ غیر مقلدین کا ظہور برصغیر میں انگریز دور کی ایک یادگار ہے۔ اس سے قبل اسلامی بارہ صدیوں میں پوری دنیا میں کہیں بھی اس فرقے کا نام ونشان نہیں پایا جاتا تھا۔ جس کا ثبوت اصل کتابوں کے حوالہ سے آخر میں بغیر تبصرہ کے فوٹو دے دیا ہے۔ قارئین خود غور فرمائیں۔ چنانچہ ہمارے بار بار مطالبہ پر کہ اپنی تاریخ ثابت کروان بیچاروں پر مرگ کی سی کیفیت طاری ہے۔ اور یہ لوگ زہر کا پیالہ تو پی لیں گے لیکن اپنی تاریخ ثابت کرنے کیلئے میدان میں نہیں آئیں گے۔ چنانچہ ان لوگوں نے اپنے ظہور پذیر ہونے کے بعد ابتداء تو اہلسنت والجماعت سے رفع الیدین، قراءت خلف الامام، آمین، ٹانگیں چوڑی کرنا وغیرہ مسائل میں اختلاف کیا جس کا الحمد للہ احناف نے مثبت انداز سے بھرپور جواب دیا۔

لیکن ابھی چند سالوں سے یہ لوگ ان مسائل پر مسلسل ذلت آمیز شکستوں کے بعد اہلسنت والجماعت کے کشف اور کرامات کے واقعات کو عقائد کا نام دے کر عوام کو دھوکہ دینے کی کوشش کرر ہے ہیں۔ کہ علماء دیوبند کے یہ عقائد ہیں۔ جس کا واضح ثبوت مشہور غیر مقلد مسٹر طالب الرحمٰن کی کتاب دیوبندیت تاریخ وعقائد اور آیئے عقیدہ سیکھئے وغیرہ ہیں۔ اس لیے ہم نے بطور نمونہ کے غیر مقلدین کے چند عقائد اور کشف وکرامات حتی الوسع انکی اصل کتب کے عکس کے ساتھ لکھی ہیں تا کہ کسی غیر مقلد کو انکار کی گنجائش نہ ہو۔ اگر ضرورت محسوس ہوئی تو انشاءاللہ مزید بھی لکھیں گے۔ محمد انصر باجوہ

علی مسئلۃ الاستواء کا بھی ذکر کیا ہے۔ (ہدایۃ المستفید ج ۱ ص ۹۴ مطبوعہ انصار السنۃ المحمدیہ لاہور)

۴۔ مشہور غیر مقلد عالم مولانا ابراہیم میر سیالکوٹی صاحب لکھتے ہیں شیخ شیخنا حضور پرنور نواب صدیق حسن خان صاحب (تاریخ اہلحدیث ص ۴۳۲ مطبوعہ مکتبہ قدوسیہ اردو بازار لاہور)

اور مشہور غیر مقلد عالم وحید الزمان صاحب لکھتے ہیں ولہ تعالیٰ وجہ وعین وید وکف وقبضۃ واصابع وساعد وذراع وصدر وجنب وحقو وقدم ورجل وساق وکنف کما تلیق بذاتہ المقدسۃ. (ہدیۃ المہدی ص ۹ مطبوعہ شوکت الاسلام بنگلور)

ترجمہ: اور اللہ تعالیٰ کا چہرہ اور آنکھ اور ہاتھ اور ہتھیلی اور مٹھی اور انگلیاں اور کلائی اور بازو اور سینہ اور پہلو اور کمر اور پاؤں اور ٹانگ اور پنڈلی اور سایہ اس کی شان کے مطابق یہ سب چیزیں ہیں۔

نوٹ :۔ اللہ تعالیٰ کے متعلق یہ تمام عقائد مجسمہ اور مشبہہ جیسے گمراہ فرقوں کے تھے لیکن اب وہی فرقے ایک نئے نام اہلحدیث کے ساتھ ظہور پذیر ہوئے ہیں۔

عقیدہ نمبر۲: (اللہ تعالیٰ ہر شکل میں ظاہر ہوسکتا ہے)

غیر مقلدین کے علامہ وحید الزمان صاحب لکھتے ہیں:

و یظھر فی ای صورۃ شاء.

اللہ تعالیٰ جس صورت میں چاہے ظاہر ہوسکتا ہے۔ (ہدیۃ المہدی ص ۹،۷)

یعنی جس طرح عیسائی کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نعوذ باللہ عیسیٰ علیہ السلام کی شکل میں ظاہر ہوا اور ہندو کہتے ہیں کہ خنزیر اور کرشن اور رام چندر کی شکل میں ظاہر ہوا۔ سامری کہتا تھا کہ بچھڑے کی شکل میں ظاہر ہوا۔ غیر مقلدین کے نزدیک یہ سب عقیدے درست ہوئے۔

نوٹ: مذکورہ عقیدہ غیر مقلدین کی ریڑھ کی ہڈی اور ان کے مذہب کے علامہ صاحب کا ہے جس کا ترمذی کے علاوہ صحاح ستہ اور موطا مالک وغیرہ کا ترجمہ ہر نام نہاد اہلحدیث بھائی کے گھر میں ہوتا ہے اور ان کی علمی خدمات کو جماعت اہل حدیث کی ترقی کا ذریعہ خود غیر مقلدین نے اپنی کتابوں میں تسلیم کیا ہے ملاحظہ فرمائیں۔

۱۔ جماعت اہل حدیث کی تصنیفی خدمات مصنف مولانا محمد مستقیم سلفی بنارسی

۲۔ ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات مصنف مولانا ابو یحییٰ امام خان نوشہروی۔

۳۔ حال ہی میں اکتوبر 2003ء میں شائع ہونے والی کتاب 40 علماء اہل حدیث مصنف عبدالرشید عراقی میں دسویں نمبر پر وحید الزمان کا تذکرہ کیا ہے اور ان کی تمام کتب نزل الابرار اور ہدیۃ المہدی وغیرہ بھی ذکر کی ہیں۔

۴۔ پیر بدیع الدین شاہ راشدی نے ہدیۃ المستفید ص ۹۵ ج ۱ پر بھی وحید الزمان کو عالم باعمل فقیہ وقت محب السنۃ لکھ کر ان کی ایک عقیدہ کی کتاب کا ذکر بھی کیا ہے اور چودھویں صدی کے غیر مقلد علماء کے ساتھ اس کا ذکر کیا ہے۔

۵۔ مشہور غیر مقلد عالم مولانا عبد الرحمٰن فریوائی صاحب لکھتے ہیں: آپ (وحید الزمان) ہندوستان کے چوٹی کے علماء اور میاں نذیر حسین کے مشہور تلامذہ میں سے تھے۔ آپ کی پوری زندگی سنت نبویہ کی اشاعت میں کام آئی۔ (جھود مخلصہ ص ۱۴۰ بحوالہ کچھ دیر غیر مقلدین کے ساتھ ص ۲۰۰)

نیز اسی کتاب ہدیۃ المہدی کے پہلے صفحہ پر وحید الزمان صاحب نے لکھا ہے کہ اس کتاب میں کتاب وسنت کے دلائل ہیں جو کہ اہل حدیث کے عقائد پر مشتمل ہیں اور صفحہ ۳ پر لکھا ہے کہ میں نے اس کتاب کا نام ہدیۃ المہدی اس لئے رکھا ہے تاکہ امام مہدی کیلئے یہ ہدیہ ہو۔



٩

الذي لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد بعض ليس كمثله شئ ليس
ولا يعقل ولا ينفق ولا ينام ولا يموت ولا يأكل ولا يشرب ولا يبكي ولا يتوم
ليس بذكر ولا انثى ولا نقول انه جسم اوليس بجسم وجوهر وليس بجوهر
او متغير اوليس متغير ومحدود او غير محدود وبسيط او غير بسيط ومركب
او غير مركب ومعدود وغير معدود ذلم يرد به السنة في اثباته ولا نفيها

فصل هو سبحانه ... لوجود ... وشئ ...
شخص ... الاشخاص والناس ... النفوس وذات ...
حقيقة ... تحقيق الحق في الدنيا وهل نعلمها في الاخرة
... وان هو سبحانه في جهة الفوق ومكانه العرش وقول المتكلمين
انه ليس في جهة ولا مكان ... والعرش ... موجود ... مكان
اما الجهة فثبتت ... حتى السموات والارض ... ليس ...
لانه كان موجودا قبل خلق الزمن ولا يحتاج الى مكان ...
الى جهة لانه كان ولا مكان ... المعنى ... جهة وحدوث ... الدهر ...
... الدهر يعني ان الفاعل ... والدهر لا يقدر على شئ فصل

وله تعالى صورة هي احسن الصور ويقدر ان يتجلى ويظهر في اي صورة
شاء خلق ادم على صورته ومن قال ان الضمير في صورته ترجع الى ادم
فقد اخطأ لان في رواية اخرى على صورة الرحمن وله ... وجه وعين
ويد وكف وقبضة واصابع وساعد وذراع وصدر وجنب وحقو وقدم
ورجل وساق وكف كما يليق بذاته المقدسة واثبات هذه الاشياء ليس

عقیدہ نمبر۳: (مذاق اور ٹھٹھہ کرنا اللہ کی صفت ہے) معاذ اللہ

وحید الزمان صاحب لکھتے ہیں:

ومن الصفات الفعلية الحادثة ..... الاستهزاء و السخريه

و المكر والخداع و الكيد۔ (ہدیۃ المہدی ص ۷)

ترجمہ:۔ اور اللہ تعالیٰ کے صفات فعلیہ حادثہ میں سے مذاق اور ٹھٹھہ کرنا اور مکر کرنا اور دھوکہ دینا، داؤ لگانا ہیں۔ نعوذ باللہ ایسی گھٹیا چیزوں کو اللہ کی صفات قرار دیا ہے اور یہ عقیدہ غیر مقلدین کے اسی بزرگ کا ہے جس کا تعارف عقیدہ نمبر۲ میں گزر چکا ہے۔

عقیدہ نمبر ٤:۔ (نبی ﷺ کی سب باتیں اور سب کام اچھے نہیں) معاذ اللہ

مشہور غیر مقلد ابو عبداللہ قصوری صاحب لکھتے ہیں:

سب افعال اور اقوال آنحضرت ﷺ کے تشریعی اور محمود نہیں ہیں اور عصمت مطلقہ آپ کے واسطے ثابت نہیں ہیں ورنہ صحابہ آپ کی بعض خطاؤں پر اعتراض نہ کرتے۔

(تحقیق الکلام فی مسئلہ البیعۃ والالہام ص ۴۴، ۴۵ مصنفہ ابو عبداللہ قصوری عرف غلام علی، مطبوعہ ریاض ہند پریس امرتسر بحوالہ غیر مقلدین کے متعلق عرب و عجم کے فتوے)

غیر مقلدین کے متعلق
عرب و عجم کے فتوے

ناشر

نعمان اکیڈمی
مکی مسجد بخاری روڈ ڈیوڑھا پھاٹک گوجرانوالہ

۲۳

وسوسہ شیطانی ہیں نہ چھپائے ظاہر ہو کہ وسوسہ امور شر میں شیطان کی طرف سے ہوتا ہے اور الہام امور خیر میں رحمن کی جانب سے ہوتا ہے جیسا کہ علما نے بیان کیا ہے انتہیٰ [illegible] التحریر [illegible] نوشتہ محمد بشیر [illegible] اسی کتاب کے صفحہ [illegible] میں لکھا ہے سب افعال و اقوال آنحضرت صلعم کے تشریعی ہوں محمود نہیں ہیں اور عصمت [illegible] آپ کی ذات سے نہیں ہو [illegible] بعض [illegible] آنحضرت صلعم کا [illegible] ہوش [illegible] بعض قول و فعل کو خلاف شرع اور نامحمود بتاتا ہے اور [illegible] کی امت میں ہو کر [illegible] جاتا ہے اور نسبت اس کی صحابہ کی طرف لگاتا ہے معاذاللہ اگر کوئی بادشاہ دین ہوتا تو اس گستاخی اور بے ادبی کی سزا دیتا اور دائرہ اسلام سے خارج کر کے جلا وطن کر دیتا [illegible] فاسق و فاجر کو منتظر حقیقی کے سپرد کرتے ہیں کہ وہ اپنے [illegible] سزا دے گا [illegible] اہل سنت کا آنحضرت کی نسبت [illegible] صحابہ آپ کے حکم کے تابع [illegible] ہو [illegible] بمقتضائے مصلحت و تقاضا [illegible] اور آپ [illegible] مخالف [illegible] قرآن [illegible] اسی نہیں [illegible] رسول [illegible] ہو گیا [illegible] اسی کتاب کے صفحہ [illegible] میں تضمین اور اقتباس قرآنی کو کفر اور شنیع لکھا ہے اور اسی بنا پر شیخ سعدی و حضرت جامی و حافظ [illegible] کو جاہل [illegible] علیہ زمانہ [illegible] لگا دیا ہے اس قصور پر کہ سعدی نے گلستان میں [illegible] اور جامی نے [illegible] اور حافظ نے [illegible] آیات سے تضمین کر کے قرآن کو سیاق سے نکال کر اپنے جنس کے [illegible] اور سور [illegible] کے خلاف بیان [illegible] الشیخ [illegible] کو کیا ہے اور حافظ نے مشوق کے محل کو جنت اور اپنی آنکھوں کو نہر قرار دیا ہے کتنی بڑی تحریف قرآن کی کی

عقیدہ نمبر ۵:۔ (نبی ﷺ کے رائے کوئی معتبر نہیں) نعوذ باللہ تعالیٰ

غیر مقلدین کے مشہور عالم محمد جونا گڑھی صاحب لکھتے ہیں:

سنیے جناب! بزرگوں کی مجتہدوں اور اماموں کی رائے، قیاس اجتہاد و استنباط اور ان کے اقوال تو کہاں؟ شریعت اسلام میں تو خود پیغمبر ﷺ بھی اپنی طرف سے بغیر وحی کے کچھ فرمائیں تو وہ حجت نہیں۔ (طریق محمدی ص ۵۷ مطبوعہ لاہور) آگے لکھتے ہیں: تعجب ہے کہ جس دین میں نبی کی رائے حجت نہ ہو اس دین والے ایک امتی کی رائے کو اصل اور حجت سمجھنے لگیں۔ طریق محمدی ص ۵۷)

نوٹ:۔ یہ محمد جونا گڑھی صاحب وہ شخص ہیں جن کے ترجمہ کو غیر مقلدین نمائندہ ترجمے کے طور پر متعارف کراتے ہیں۔



۵۷ —— طریق محمدیؐ

بے طرح جھکے ہوئے نہ رہیں گے جس طرح آج تک تھے۔ دوستو! آخر اللہ سے معاملہ پڑنا ہے خوب سوچ سمجھ لو' ان کتابوں اور اس تقلید کو چھوڑ، بچے سے زیادہ سے زیادہ نقصان آپ کو دنیا میں یہی پہنچ سکتا ہے کہ کوئی دو چار ٹیڑھی ترچھی آپ کو سنا دے۔ لیکن ان کتابوں اور اس تقلید کے پیچھے لگے رہنے سے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حکم عدولی لازم آئی' جس کا برا خمیازہ اگر اس جہان میں نہیں تو اس جہان میں ضرور بھگتنا پڑے گا۔

وکیف اخاف ما اشرکتم ولا تخافون انکم اشرکتم باللہ مالم ینزل بہ علیکم سلطانا فای الفریقین احق بالامن ان کنتم تعلمون۔

مقصود یہ ہے کہ برائی اور بدی کرنے والے خود تو ڈرتے نہیں اور دوسرے جو اس فعل سے بری اور بیزار ہیں ڈریں' اس کے کیا معنی؟ حق تو یہ ہے کہ اسے ڈرنا چاہیے جو مجرم ہے نہ اسے جو بے جرم ہے۔

اللہ ہمیں اپنی نافرمانی اور اپنے رسول ﷺ کی مخالفت سے نجات دے اور نیک توفیق دے اور بھلی سمجھ کے ساتھ ضمیر کو آزادی دے۔

الٰہی دے اثر ایسا مری سچائی دل میں
چلے آئیں کھیچ تمام کر دہ میری محفل میں

اللہ تعالیٰ اپنے رسولؐ سے

سنیے جناب! بزرگوں کی مجتہدوں اور اماموں کی رائے قیاس اجتہاد و استنباط اور ان کے اقوال تو کہاں؟ شریعت اسلام میں تو خود پیغمبر اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنی طرف سے بغیر وحی کے کچھ فرمائیں تو وہ بھی حجت نہیں بلکہ اللہ جل و علا فرماتا ہے۔

عقیدہ نمبر ٦:۔ (انبیاء علیہم السلام معصوم نہیں) نعوذ باللہ

غیر مقلد عالم حسین خان صاحب لکھتے ہیں:

انبیاء علیہم السلام سے احکام دینی میں بھول چوک ہو سکتی ہے۔

(ردتقلید بکتاب المجید ص ۱۳ موئفہ مولانا حسین خان مطبوعہ مطبع فاروقی دہلی بحوالہ جامع الشواہد ص ۱۴)

اس کا عکس ص ۵۱، ملاحظہ فرمائیں۔اس کتاب پر مولوی نزیر حسین دہلوی اور جناب شریف حسین دہلوی وغیرہ اکابر غیر مقلدین کی مہریں اور دستخط بھی ہیں۔

عقیدہ نمبر ۷:۔ (بارہ امام اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا معصوم ہیں)

مشہور غیر مقلد عالم مُلا معین ٹھٹھوی سندھی صاحب لکھتے ہیں:

بارہ امام اور حضرت فاطمۃ الزہرا معصوم ہیں۔یعنی ان سے خطاء کا ہونا محال ہے
نیز عصمت آنحضرت ﷺ کی عقلی ہے اور عصمت امام مہدی کی نقل سے
ثابت ہے۔ (دراسات اللبیت ص ۲۲۹، ۲۳۹ مطبوعہ لاہور)

عقیدہ نمبر ۸:۔ (غیر مقلدین کے انبیاء میں رام چندر اور لچھمن بھی ہیں)

غیر مقلدین کے علامہ وحید الزماں صاحب لکھتے ہیں:

ولھذا ماینبغی لنا ان نجحد نبوۃ الانبیاء الآ خر ین الذین لم یز کرھم اللہ سبحانہ فی کتابہ وعرفہ بالتو اتر بین قوم ولو کفار انھم کانو انبیاء صلحاء کرامچندر ولچھمن و کشن جی بین الھنود وزراتشت بین الفرس و کنفسیوس و بدھا بین اھل الصین و جاپان ، وسقراط وفیثا غورس بین اھل الیونان بل یجب علینا ان نقول آمنا بجمیع انبیائہ ورسلہ لانفرق بین احد منھم و نحن لہ مسلمون۔

(ھدیۃ المھدی ص۸۵ ج۱ مطبوعہ شوکۃ الاسلام بنگلور)

ترجمہ:۔ ہمارے لئے جائز نہیں کہ ہم دیگر انبیاء کی نبوت کا انکار کریں جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن میں نہیں کیا اور کافروں میں تواتر کے ساتھ وہ معروف ہیں۔اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ نیک انبیاء تھے جیسے رام چندر، پچھمن، کرشن جی جو ہندوؤں میں ہے اور زرا تشت جو فارسیوں میں ہیں اور کنفیوس اور مہاتما بدھ جو چین اور جاپان میں ہے اور سقراط اور فیثا غورس جو یونان میں ہیں ہم پر واجب ہے کہ ہم یوں کہیں ہم ان تمام انبیاء ورسل پر ایمان لائے اور ان میں سے کسی ایک میں بھی فرق نہیں کرتے۔اور ہم ان سب کے فرمان بردار ہیں۔

٨٥

والیسع واشعیاء وارمیاء وھوسیع وحجی ودانیال وعیسی بن مریم
علیھم الصلوۃ والسلام الی یوم القیام والمذکورون فی القرآن منھم
خمسۃ وعشرون وانما لم یذکر اللہ سبحانہ انبیاء الاقالیم الاخری
کانبیاء الھند والصین والیونان والفرس وبلاد اوروبا وافریقہ
وبلاد امریکہ وجاپان وبرھما لان العرب ماکانوا یعرفونھم فلم
یکن فی ذکرھم فائدۃ جلیلۃ انما اشار الیھم بقولہ منھم من
قصصنا علیک ومنھم من لم نقصص علیک ولھذا ماینبغی
لنا ان نجحد نبوۃ الانبیاء الاخرین الذین لم یذکرھم اللہ سبحانہ
فی کتابہ وعرف بالتواتر بین قومھم ولو کفارا انھم کانوا انبیاء صلحاء
کرامچندر ولچھمن وکشن جی بین الھنود وزراتشت بین الفرس
وکنفیوس وبدھا بین اھل الصین وجاپان وسقراط وفیثاغورس
بین اھل الیونان بل یجب علینا ان نقول امنا بجمیع انبیائہ ورسلہ
لانفرق بین احد منھم ونحن لہ مسلمون ونبرئھم عما ینسب
الیھم اھل الکفر من الشرک والکفر والطغیان وکذلک ماینبغی
لنا ان ننکر نبوۃ الناس الذین اختلف فی نبوتھم کخضر ولقمان
وذوالقرنین ثم نبینا صلی اللہ علیہ والہ وسلم مبعوث الی الجن
والانس کافۃ ومن قبلہ من الانبیاء کانوا یبعثون الی اقوامھم
واھل بلادھم خاصۃ وقبل نوح ارسل الی الناس کافۃ وھو
مخالف الکتاب حیث قال ولقد ارسلنا نوحا الی قومہ وکلھم



عقیدہ نمبر ۹:۔ (نبی اور ولی بیک وقت زمین و آسمان کی تمام باتیں سن سکتا ہے)

وحید الزمان صاحب لکھتے ہیں:

اما لو ظن احد بان سماع النبی اوسماع علی او سماع احد من الاولیاء اوسع من سماع عامة الناس بحیث یشمل سائر اقطار الا قلیم اوسائر اقطار الارض فهذا لایکون شرکا.

(هدیۃ المهدی ص ۲۵)

ترجمہ:۔ اگر کوئی یہ عقیدہ رکھے کہ نبی ﷺ یا حضرت علیؓ یا کوئی اور اولیاء اللہ میں سے عام لوگوں سے زیادہ سن سکتا ہے حتی کہ تمام دنیا اور زمین کے کناروں دور و نزدیک سے سن لیتے ہیں تو یہ شرک نہیں۔

۲۵

فی التشهد السلام علی النبی بدلا عن ایها النبی فاحترزوا عن لفظ النداء وجملة الکلام ان من اعتقد ان النبیؐ او علیا او الغوث یسمع فی کل حین ومن کل مکان اوان اروا حهم حاضرة فی کل مکان لاجل کشف الضر والشفاء او توسیع الرزق او غفران الذنوب فی امثالها من امور لا یقدر علیها الا الله تعالیٰ واعتقد انهم قادرون علی هذه الامور استقلالا لا بقدرة ذاتیة او موهوبة من الله وشرکه مع الله وجعل نداء غیر الله ذکرا اشرعیا یرجو الثواب والاجر علیه او جعله وظیفة دائمیة ینادیه کلما قام وکلما قعد وکلما اضطجع وکلما سقط وکلما نزل قدمه وکلما اصابه ظلم او نصب او مخمصة او نکایة او شوکة فهو مشرک خارج من دائرة الاسلام وانما یلزم الشرک فی الصورة الاولی والثانیة اشرط وهو ان یعتقد لغیر الله بالعلم المحیط او البصر المحیط مثل علم الله وسمعه وبصره واما لو ظن احد بان سماع النبیؐ او سماع علی او سماع احد من الاولیاء اوسع من سماع عامة الناس بحیث یشمل سائر اقطار الاقلیم وسائر اقطار الارض فهذا لا یکون شرکا لان الله تعالیٰ قد اعطی بعض الملائکة بل بعض الحیوانات سمعا وبصرا اقوی واوسع من سمع العامة وبصرهم روی الدیلمی فی مسند الفردوس وابو یعلی مرفوعا ان الله وکل ملکا عند قبری فاذا صلی علی رجل من امتی قال الملک یا محمد ان فلان بن فلان صلی علیک الساعة وروی العقیلی والبخاری فی تاریخه عن عمار مرفوعا ان الله اعطی ملکا من الملائکة اسماع الخلائق



عقیدہ نمبر ۱۰:۔ (یارسول اللہ، یاعلی، یاغوث کہنا صحیح ہے)

وحید الزمان صاحب لکھتے ہیں: وبھذا ظھر ان ماتقوله العامة یارسول الله اویا علی او یا غوث فمجرد النداء لا نحکم بشرکھم.

(هدیة المهدی ص ۲۴)

ترجمہ:۔ اس سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ عام لوگ جو یارسول اللہ اور یاعلی یا یاغوث پکارتے ہیں تو محض پکارنے سے ہم شرک کا حکم نہیں لگائیں گے۔

نوٹ:۔ آج کل چونکہ غیر مقلدین محض اس طرح پکارنے کو شرک کہتے ہیں۔ اس لیے ان کے علماء کا عقیدہ آج کل کے اس فتوے کے لحاظ سے شرکیہ ہوگا۔

الله يهدي من يشاء الى صراط مستقيم

بحمد الله تعالى خانه دين آخر الزمان ظهور مقدمه ظهور صاحب الزمان عليه السلام

الجزء الاول من

كتاب هدية المهدي

سنة ۱۳۲۵ هجري

تأليف افصح عباد هذا الزمان المدعو وحيد الزمان غفر له الرحمان

۲۴

نادا ومن بعيد فالنادي اما مستغرق في حب كما ينادي العاشق معشوقه يتصور الغائب شاهدا وسفيه كما لو نادى حيا بالكوفة و هو في البصرة وبهذا ظهر ان ماتقوله العامة يارسول الله او يا علي او يا غوث فبمجرد النداء لا نحكم بشركهم كيف وقد نادى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قتلى بدر يا فلان بن فلان ويا فلان بن فلان وورد في حديث عثمان بن حنيف يا محمد اني اتوجه بك الى ربي صححه البيهقي والجزري وقال الترمذي حديث حسن صحيح وفي رواية يارسول الله وجهت بك الى ربي وورد في الحديث يا عباد الله اعينوني بل نسأل عنهم كيف تناديهم الذي هو غائب عنكم فان قالوا انه حاضر في كل مكان وانه يسمع نداء كل من ناداه في السموات والارض فهو شرك كون خارج عن دائرة الاسلام بلا شك وان قالوا انا ناديناه استغراقا في حبه او ظنا بان الله يبلغه نداءنا او يسمعه اذا شاء او بنية السلام عليه او ظننا انه يسمع من بعيد فهم ليسوا بمشركين ولكنهم سفهاء لان المنادى كان لا يسمع في حيوته من بعيد فكيف يسمع بعد مماته وقد قال الله تعالى وما يستوي الاحياء ولا الاموات فالبت اضعف فام السماع من اعي بنص الكتاب نعم نستثنى من هذا النهي لمن ناداه عليه الصلوة والسلام عنه فانه جائز لا مرية فيه لانه قد ورد الحديث بان له ملائكة موكلين يبلغون عن امتى السلام ولم يستثنى بعض العلماء النبي ايضا واستدل بان الصحابة بعد وفات النبي كانوا يقرأون

عقیدہ نمبر ۱۱:۔ (نبی کریم ﷺ ہر جگہ حاظر وناظر ہیں)

غیر مقلدین کے مجدد نواب صدیق حسن خان صاحب لکھتے ہیں:

نبی کریم ﷺ ہر آن اور ہر حال میں مومنین کے مرکز نگاہ اور عابدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں۔ خصوصاً عبادت کی حالت میں کیونکہ اس حالت میں انکشاف اور نورانیت زیادہ قوی اور شدید ہوتی ہے۔ بعض عارفین کا قول ہے کہ تشہد میں ایہا النبی کا یہ خطاب ممکنات اور موجودات کی ذات میں حقیقت محمدیہ کے سرایت کرنے کے اعتبار سے ہے۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ نماز پڑھنے والوں کی ذات میں موجود اور حاضر ہوتے ہیں اس لئے نماز پڑھنے والے کو چاہیے کہ اس بات کا خصوصیت کے ساتھ خیال رکھے اور آپ ﷺ کی اس حاضری سے غافل نہ ہو۔ تاکہ قرب و معیت کے انوارات اور معرفت کے اسرار حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ (مسک الختام فی شرح بلوغ المرام ۲۵۹، ۲۶۰)

نوٹ:۔ مذکورہ حاضر ناظر کا عقیدہ رکھنے والے مذہب اہلحدیث کے بانی اور قابل قدر شخصیت ہیں جن کا تعارف عقیدہ نمبر ایک میں ملاحظہ فرمائیں۔

الجزء الاول من کتاب

مسک الختام

شرح بلوغ المرام

المکتبۃ الاثریۃ سانگلہ ہل

جامع مسجد اہلحدیث باغ والی

ضلع شیخوپورہ

عقیدہ نمبر ۱۲ :۔ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ کے پیدا نہیں ہوئے) نعوذ باللہ

مشہور غیر مقلد عالم عنایت اللہ اثری صاحب لکھتے ہیں:

عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ تو اپنا شوہر اور اس کا باپ بتا رہی ہے اور باپ بیٹا بھی دونوں اسے تسلیم فرما رہے ہیں۔ مگر صدیوں بعد لوگوں نے انہیں بے پدر بتایا اور آپ کی والدہ کو بے شوہر بتایا کیا خوب ہے۔

(عیون زمزم فی میلاد عیسیٰ بن مریم ص ۴۰ مصنف عنائیت اللہ اثری)

نوٹ: اس عقیدہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لیے والد ثابت کیا گیا ہے۔ حالانکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ کے پیدا ہوئے قرآن یہی بتایا ہے۔

۴۰

عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ ماجدہ تو اپنا شوہر اور اس کا باپ بتا رہی ہے اور باپ بیٹا بھی دونوں اسے تسلیم فرما رہے ہیں مگر صدیوں بعد لوگوں نے انھیں بے پدر بتایا اور آپ کی والدہ کو بے شوہر بتایا کیا خوب ہے!

عقیدہ نمبر ۱۳:۔ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی پر چڑھا دیا گیا) نعوذ باللہ

غیر مقلدین کے مناظر ابوالکلیم اشرف سلیم صاحب لکھتے ہیں:

ہر نبی کو اللہ نے اس کی شان و مرتبہ کے مطابق معراج کرائی حضرت آدمؑ کو جنگل میں مقام توبہ پر معراج کرائی، حضرت نوحؑ کو جبل جودی کے مقام پر معراج کرائی حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں معراج کرائی، اسماعیلؑ کو چھری کے نیچے معراج کرائی اور حضرت عیسیٰؑ کو صلیب پر معراج کرائی۔

(میزان المتکلمین ص ۳۶ بحوالہ حدیث اور اہلحدیث ص ۳۸)

قارئین اندازہ کیجیے کہ سٹیجی اداکاری میں اشرف سلیم صاحب کس طرح ہر نبی کو معراج کرا رہے ہیں۔ حضرت عیسیٰؑ کے متعلق یہودیوں اور عیسائیوں کا عقیدہ تو ہے کہ وہ سولی پر لٹکا دیے گئے۔ لیکن مسلمان کہلانے والوں میں سوائے غیر مقلدین کے کسی کا بھی یہ عقیدہ نہیں۔ اور انہوں نے یہ عقیدہ یہودیوں اور عیسائیوں سے لیا ہے جیسا کہ انہوں نے اپنا نام اہلحدیث بھی ان سے ہی الاٹ کروایا تھا۔ اللہ تعالیٰ تو صاف فرماتے ہیں وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لھم (سورۃ النساء آیت نمبر ۱۵۷) ترجمہ: اور انہوں نے نہ تو ان کو قتل کیا اور نہ سولی پر چڑھایا لیکن وہی صورت بن گئی ان کے آگے۔

عقیدہ نمبر ۱۴:۔ (فوت شدگان سے مدد طلب کرنا)

غیر مقلدین کے بانی جناب نواب صدیق حسن خان صاحب کو جب کوئی مشکل پیش آتی تو اس طرح مدد مانگا کرتے تھے۔

قبلہ دین مددی، کعبہ ایماں مددی،

ابن قیم مددی، قاضی شوکاں مددی،

ترجمہ:۔ اے میرے دین کے قبلہ مدد کر، اے میرے ایمان کے کعبہ مدد کر

اے ابن قیم مدد کر، اے قاضی شوکانی مدد کر

(ھدیۃ المھدی ص ۲۳ ج ۱ مطبوعہ شوکۃ الاسلام بنگلور، نفح الطیب ص ۴۷، ۵۷)

یہ ابن قیمؒ اور قاضی شوکانی نواب صاحب سے دور بھی تھے اور فوت بھی ہو چکے تھے۔ لیکن پھر بھی ان سے مدد طلب کی جا رہی ہے۔



الله يهدي من يشاء الى صراط مستقيم


[illegible]

الجزء الاول من

كتاب هدية المهدي

سنة ١٣٢٥ هجري

تاليف افصح [illegible] اللسان المولوي وحيد الزمان غفر له الرحمان



٢٣

وقال الشيخ عبد الحق في شرح المشكوة [illegible]

غير النبي او الانبياء [illegible] وكثير من الفقهاء [illegible]

[illegible] للموتى [illegible] يحصل النفع [illegible]

[illegible]

[illegible] مختلفة [illegible]

[illegible]

[illegible] فصل الدعاء [illegible]

[illegible] الآيات التي [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] وقال ابن عمر حين [illegible]

[illegible] قالوا يا محمد [illegible]

[illegible] وقال اويس القرني بعد وفات عمر يا عمراه يا عمراه

[illegible] رواه [illegible] حبان وقال السيد في بعض [illegible]

مددی کعبہ ایمان مددی ابن قیم مددی قاضی شوکان مددی [illegible]

قال مولانا [illegible] فرق بين [illegible] النبي [illegible]

[illegible] الصلوة والسلام [illegible]

[illegible] يمكن ان يسمع ولكن [illegible]

عقیدہ نمبر١٦۔ (قبروں کا طواف اور سجدہ کرنا کوئی شرک نہیں)

وحید الزمان صاحب لکھتے ہیں:

فلو فعل هذه الافعال التعظيمة مثل الطواف او التقبيل او القيام او الانحنا او الركوع او السجود عند قبر النبي او ولي و كان قصده التحية لصاحب القبر دون العبادة فيائم غير انه لا يصير مشركاً ولا كافراً. (هدیۃ المهدی ص ١٥)

ترجمہ: پس اگر یہ افعال تعظیمہ جیسے طواف کرنا یا بوسہ دینا یا قیام کرنا جھکنا یا رکوع کرنا یا سجدہ کرنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم یا کسی ولی کی قبر کے سامنے ہو۔ اور مقصد قبر والے کو سلام ہو عبادت نہ ہو تو شرک نہیں ہے ہاں صرف گنہگار ہوگا۔

الله يهدي من يشاء الى صراط مستقيم

الجزء الاول

كتاب هدية المهدي

١٥

[illegible]

كتقبيل الصنم والتماثيل كفر بالاتفاق فكذا الاول وفيه مافيه فصل

فالھمنی ربی ان ائولف کتابً جامعاً للعقائد والاصول کہ میرے رب نے مجھے الہام کیا کہ میں ایک ایسی کتاب لکھوں جس میں عقائد اور اصول ہوں۔ میں نے اس کا نام ہدیۃ المھدی اس لیے رکھا ہے تا کہ حضرت مہدی کیلئے یہ کتاب ہدیہ بنے۔

یادر ہے کہ اس کتاب میں تمام مسائل غیر مقلدین کے مذہب کے مطابق لکھے ہوئے ہیں چنانچہ ایک نظر ملاحظہ فرمائیں۔ ہدیۃ المھدی کے صفحہ 4 پر لکھا ہے کہ ہم اہل حدیثوں کے صرف دو اصول ہیں۔ اور ص 3 پر تمام مقلدین کو بدعتی کہا ہے اور ص 102 پر مجتہدین کے اقوال کو اونٹوں کی لید اور گدھوں کی لید سے تشبیہ دی ہے اور یہی صاحب اپنی دوسری کتاب کنز الحقائق من فقہ خیر الخلائق (جو کہ فقہ حنفی کی معتبر کتاب کنز الدقائق کے مقابلے میں لکھی گئی ہے) کے ص 20 پر چار رکعت نماز میں 10 جگہ نماز میں کندھوں تک رفع یدین کرنا اور جلسہ استراحت، اونچی آمین کہنا اور سینے پر ہاتھ باندھنے کو سنت لکھا ہے اور ص 18 پر اذان میں ترجیع اور اقامت میں ایتار کو مستحب لکھا ہے اور ص 15 پر پگڑی اور پتلی جرابوں پر مسح کو جائز اور ص 13 پر تیمم میں ایک ضرب چہرے اور ہاتھوں کیلئے اور ص 12 پر پانی میں وقوع نجاست سے تغیر احد الاوصاف نہ ہو تو وضو جائز لکھا ہے۔ اور ص 28 پر تین طلاق کے ایک ہونے کا قول اور ص 129 پر چھ اشیاء کے علاوہ ہر چیز میں سود کے جواز کا فتوی اور ص 51 پر عورت کے مسجد میں اعتکاف بیٹھنے کا جواز لکھا ہے اور یہ تمام کے تمام مسائل بانیان غیر مقلدین یعنی شمس العلماء شیخ الکل فی الکل میاں نذیر حسین دہلوی، نواب صدیق حسن خان، وحید الزمان صاحب سے لے کر آج کے غیر مقلدین تک متفق علیہا ہیں اور برصغیر میں ان حضرات سے قبل کوئی بھی شخص ان مسائل کو اختیار کرنے والا نہ تھا اور نہ ہی کوئی ان مسائل پر عمل کر کے اپنے آپ کو اہلحدیث کہلاتا تھا۔ اور آج بھی غیر مقلدین کے علاوہ برصغیر کا کوئی مسلمان ان مسائل کو نہیں مانتا ثابت ہوا کہ ہندوستان میں فرقہ غیر مقلدین کی داغ بیل ڈالنے والے یہی حضرات تھے لہذا آج کل کے بعض غیر مقلدین کا ان کو غیر مقلد نہ سمجھنا یہ ان کے ساتھ زیادتی

ہے جبکہ سنجیدہ اور احسان مند غیر مقلدین آج بھی اپنے ان محسنوں کو قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں کیونکہ یہی وہ ان کے اکابر تھے جن کی دن رات کی انتھک محنتوں سے غیر مقلدین کو اہلحدیث نام الاٹمنٹ ہوا اور ہندوستان میں ان کے بقول عمل بالحدیث کی ترویج ہوئی۔ لہذا غیر مقلدین اپنے ان اکابرین کے عقائد پر ٹھنڈے دل سے غور کریں اور اگر یہ آپ کے اکابر نہیں ہیں۔ تو پھر ان کو واضح طور پر کافر و مشرک و دجال و گمراہ اور گمراہ کنندہ لکھ دیں۔

میری تمام سنی مسلمانوں سے اپیل ہے کہ وہ غیر مقلدین کے ان عقائد کو اچھی طرح پڑھیں اور ان کے ظاہری توحید کے نعرے سے دھوکہ نہ کھائیں اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو اس فتنہ سے محفوظ فرمائیں۔

آمین

عقیدہ نمبر۱۷. (قبروں سے فیض حاصل کرنا)

نواب صدیق حسن صاحب قبروں سے فیوض پر اجماع ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

ودر مسئلہ انتفاع اولیاء از ارواح اولیاء وانبیاء بقدر مناسب حال بدون

تقلید رسوم وبدعات رجال واہل ضلال خود چنداں خلاف بیان

اہل علم نیست۔ (مآثر صدیقی ص ۱۲۸ ج ۴)

ترجمہ:۔ نواب صاحب کے فرزند علی حسن صاحب اس کا ترجمہ یوں کرتے ہیں۔

اس مسئلہ میں اور اس امر میں کہ ارباب صاحب دل واولیاء وانبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی ارواح مقدسہ سے بغیر رسوم اور بدعات کے پابندی کے جو اصل ضلالت کا شیوہ ہے اپنے مناسب حال فیض اٹھائیں تو اس میں علماء کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔

نوٹ:۔ الحمد اللہ اہل السنت والجماعت احناف کی مسلسل پیش قدمی کی وجہ سے دنیائے غیر مقلدیت آج اپنے دو اصولوں (صرف قرآن وحدیث) سے کنارہ کش ہو کر چار اصولوں پر آگئی ہے اور یہ کہنا شروع کر دیا ہے کہ ہم بھی اہل سنت کی طرح چار اصول قرآن، سنت، اجماع، قیاس شرعی کو مانتے ہیں۔

آ گیا ہے باتوں ہی باتوں میں ۔۔۔ مان جائے گا دو چار ملاقاتوں میں

اگر چہ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا، اور مرتا کیا نہ کرتا یہ اجماع اور قیاس کو ماننے کا محض زبانی دعویٰ کرنا بھی کافی نہیں ہے۔ اور نہ ہی ان کو مفید ہے کیونکہ بیس رکعت تراویح پر اجماع امام نووی ؒ نے کتاب الاذکار ص ۲۸۱ پر اور پتلی اونی سوتی جرابوں پر مسح نہ کرنے پر علامہ ابن نجیم ؒ نے البحر الرائق ص ۱۸۲ ج ا پر اور اکٹھی تین طلاق کے تین ہونے پر علامہ ابن قیم ؒ نے اغاثۃ اللفہان ص ۳۳۳ ج ا پر نقل کیا ہے۔ اور تقریباً ۴۴ مسائل ایسے ہیں جن پر امت مسلمہ کا اجماع ہے لیکن غیر مقلدین اس کے منکر ہیں۔ لہذا اگر اجماع کے ماننے کا آج یہ دعویٰ کرتے ہیں تو قبروں سے فیوض پر اس اتفاق کو بھی مان لیں۔ یہ شرک کیوں بن گیا ہے۔

نیز نواب صاحب اپنے والد کی قبر کے بارے میں لکھتے ہیں۔

لا یزال یری النور علی قبره الشریف والناس یتبر کون به .

کہ آپ کی قبر شریف پر ہمیشہ نور رہتا ہے اور لوگ اس سے تبرک حاصل کرتے تھے

(التاج المکلل ص ۲۹۸ مطبوعہ مکتبہ دار السلام)

اور غیر مقلدین کے عالم وحید الزمان صاحب لکھتے ہیں:

قلت بهذا یدفع الشبهة التی اوردها القاصرون انه

کیف یمکن استحصال الفیوض والبرکات و

برد القلب والانوار من ارواح الصلحاء بزیارة

لهم. (ہدیۃ المہدی ص ۶۳)

ترجمہ: میں کہتا ہوں اس سے وہ شبہ بھی دور ہو جاتا ہے جو بعض کم عقل حضرات کی طرف سے سامنے آتا ہے کہ صلحاء کی قبور کی زیارت کر کے ان کی روحوں سے فیوض اور برکات اور انوار کا حصول کیسے ممکن ہو


الله يهدي من يشاء الى صراط مستقيم
الجزء الاول من
كتاب هدية المهدي
سنة ١٣٢٥
تاليف اضعف عباده لسان الله عبد ... وحيد الزمان

۶۳

بغيرا وموضع تكون فيها اجزاء البدن انه يساوي من الهان النبي رأى ليلة الاسراء موسى قائما يصلي في قبره ثم رآه في السماء السادسة قال شيخنا ابن حزم ان مستقر الارواح حيث كانت قبل حلول اجسادها وقال شيخنا ابن القيم فثبت بهذا انه لا منافاة بين كون الروح في عليين او في الجنة او في السماء وبين اتصاله بالبدن بحيث تدرك وتسمع وتصلي وتقرأ قلت بهذا يدفع الشبهة التي اوردها القاصرون انه كيف يمكن استحصال الفيوض والبركات وورود الطلب والانوار من ارواح الصلحاء بزيارة قبورهم فان ارواحهم في اعلى عليين لان الروح ليس من جنس الاجسام التي اذا اشتغلت مكانا لم يمكن ان تكون في غيره ولو سلم فله من سرعة الانتقال والحركة ما يسهل له العروج الى السماء ثم النزول منه والتوجه الى الزائر كما هو المشهود يشهد عليه قوله تعالى ... وهذا يظهر ان الله تعالى اذا نزل من عرشه فلا يخلو منه العرش على قول لان الكون في مكانين في وقت واحد لما ثبت للروح الانساني الذي هو مخلوق الله تعالى فكيف يستبعد لمن هو خالق الارواح نعم انه محال في الاجسام الكثيفة المتمكنة بالمكان الاصطلاحي الفلسفي او هو السطح الباطن من الجسم الحاوي المحيط بالسطح الظاهر من الجسم المحوي ... ذلك فصل لا يلزم من كون ارواح المؤمنين في الجنة وارواح الكافرين في النار دخولهم في منازلهم ومقاعدهم الخاصة التي اعدت لهم

نوٹ:۔ وحید الزمان صاحب روحوں سے فیوض کے منکر کو بے وقوف کہہ رہے ہیں۔ اب غیر مقلدین سنجیدگی سے غور کریں کہ کہیں روحوں سے فیوض کے انکار کی وجہ سے وہ بے وقوف تو نہیں بن گئے۔

نوٹ:۔ یہ عقیدہ الزاماً اس لیے لکھا گیا ہے کہ موجودہ غیر مقلدین کے نزدیک قبروں سے فیض کا عقیدہ کفریہ اور شرکیہ ہے اس لئے ان کے مذہب کے مطابق ان کے بڑوں کا یہ عقیدہ کفریہ اور شرکیہ ہوگا۔

فاعتبروا یااولی الابصار

عقیدہ نمبر۱۸ (وحدت الوجود)

غیر مقلدین کے بانی نواب صدیق حسن اور رکن ثانی وحید الزمان صاحب کے فتاوی جات ملاحظہ فرمائیں:

نواب صدیق حسن خان فرماتے ہیں۔

کہ مسلہ وحدت و جود د شہود جس سے مراد ہستی حق اور نیستی خلق ہے اور یہی اعتقاد اس مسئلہ کا روح الروح ہے۔ کہ میں مسئلہ وحدت وجود کو عقلی و نقلی دلائل سے ثابت کرتا لیکن مسئلہ یہ ہے کہ کوئی سمجھ نہیں سکے گا۔ آخر میں لکھتے ہیں وگرنہ اگر حقیقتاً دیکھا جائے تو اس میں کوئی مابہ النزاع بات نہیں ہے اور کل شیء ماخل اللہ باطل اس سے بڑھ کرنا دانی کیا ہو سکتی کہ آدمی ہر مرتبہ اور ہر حال میں احکام وجود کا منکر ہو اور ہمہ اوست کے معنی نعوذ باللہ شریعت سے آزاد ہونا سمجھے۔

(مآثر صدیقی ص ۴۰ حصہ چہارم مطبع منشی نول کشور لکھنؤ)

حصہ چہارم ۴۰

وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ذٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ

[illegible]

پھر لکھتے ہیں کہ مسلہ وحدت وجود و شہود جس سے مراد ہستی حق و نیستی خلق ہے اور یہی اعتقاد اس مسئلہ کا روح الروح ہے [illegible]

[illegible]

